خبروں کا اعلامیہ

# سروائیکل کینسر کی جلد تشخیص کو بہتر بنانا

26 ستمبر، 2024 میڈیا انکوائریز

## البرٹا کی حکومت ایک ایسے پراجیکٹ کو نئے طور پر شروع (پائلٹ) کر رہی ہے جس کے ذریعے البرٹا کے لوگوں کو گھر پر لے جانے والی کِٹ (ٹیک-ہوم کٹ) کے ذریعے گریوا کے کینسر(سروائیکل کینسر) کے لیے خود کو اسکرین کرنے کا موقع ملے گا۔

جان بچانے کے لیے کینسر کا جلد پتہ لگانا بہت ضروری ہے، اور البرٹا کی حکومت ایسے مواقع کو ترجیح دینا جاری رکھتی ہے، جو جلد تشخیص کو زیادہ قابل رسائی اور آسان بناتے ہیں۔ جب سروائیکل کینسر کی بات آتی ہے تو، زیادہ تر کیسز معمول کی اسکریننگ اور علاج سے روکے جا سکتے ہیں۔

سروائیکل کینسر اسکریننگ پروگرام کے ایک حصے کے طور پر، البرٹا کی حکومت نے شراکت داروں، البرٹا ہیلتھ سروسز (AHS) اور البرٹا پریسیژن لیبز(Alberta Precision Labs) کے ساتھ مل کر البرٹا کے لوگوں کے لیے کینسر کی اسکریننگ کے مواقع کو بڑھانے کے لیے اختراعی طریقوں کو دیکھنے کے لیے ایک پائلٹ پروجیکٹ شروع کیا ہے۔ پائلٹ پروجیکٹ اہل البرٹنز کو شرکت کے لیے مدعو کرے گا، بشمول شخصی (انڈیجنس) لوگ اور دیہی اور دور دراز کی کمیونٹیز میں رہنے والے افراد۔

"ہم جانتے ہیں کہ معمول کے حفظتی ٹیکوں (امیونائزیشن) اور باقاعدہ اسکریننگ کے ذریعے گریوا کا کینسر تقریباً مکمل طور پر روکا جا سکتا ہے، یہی وجہ ہے کہ یہ پائلٹ پروجیکٹ بہت اہم ہے۔ یہ سروائیکل کینسر کو مکمل طور پر ختم کرنے کی جانب ایک اہم اگلا قدم ہے۔"

*ایڈریانا لا گرینج، وزیر صحت (Adriana LaGrange, Minister of Health*

گریوا کا سیلف-اسکریننگ ٹیسٹ (cervix self-screening test) معمول کے پیپ ٹیسٹنگ سے زیادہ پیش گوئی کرنے والا ٹیسٹ ہے۔ یہ ہیومن پیپیلوما وائرس (HPV) کے زیادہ خطرے والے نسلوں (اسٹرینز) کا پتہ لگاتا ہے، اور اس کے ذریعےایسے افراد کی نشاندہی کرتا ہے جو گریوا کے غیر معمولی خلیات کے پیدا ہونے کے خطرے میں ہیں، جس سے ابتدائی علاج ممکن ہوتا ہے تاکہ کینسر سے بچاؤ کیا جا سکے ۔

لوگوں کو گھر پر یا جہاں بھی وہ سب سے زیادہ آرام دہ ہوں، اپنے آپ کو محفوظ طریقے سے جانچنے کے لیے جو سامان درکار ہوتے ہیں، ان ٹیسٹ کٹس میں وہ سامان موجود ہوتے ہیں ۔ جانچ کے بعد، کٹس کو لیب میں بھیج دیا جاتا ہے اور نتائج مریضوں کو اور صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کو فراہم کیے جاتے ہیں۔

پہلی 300 کٹس فی الحال اہل شرکاء کے لیے ایڈمونٹن میں پہلی پائلٹ پروجیکٹ سائٹ پر دستیاب ہیں۔ اس کے بعد کمیونٹی کے شراکت داروں اور دیہی سائٹس میں توسیع کی جائے گی۔

"خود نمونہ لینے (سیلف-سیمپلنگ) سے فرد کو ایسی جگہ پر اپنا نمونہ لینے کا موقع ملتا ہے جو محفوظ اور آرام دہ محسوس ہو۔ HPV کے خود نمونہ لینے (سیلف-سیمپلنگ) اس وائرس کی تلاش کرتا ہے جو سروائیکل کینسر کا سبب ہے۔ اگر جلد پتہ چل جائے تو اس کا علاج کیا جا سکتا ہے تاکہ سروائیکل کینسر پیدا نہ ہو۔"

*ڈاکٹر لورا میک ڈوگل، سینئر میڈیکل آفیسر آف ہیلتھ، اے ایچ ایس (Dr. Laura McDougall, senior medical officer of health, AHS)*

یہ پائلٹ پروجیکٹ کم اسکرین کیے گئے آبادیوں کے لیے مؤثر اور پائیدار HPV کے خود نمونہ لینے (سیلف-سیمپلنگ) کی حکمت عملی تیار کرنے اور سروائیکل سیلف-اسکریننگ کو صوبے بھر میں پھیلانے کے لیے ضروری راستوں اور پروٹوکول کی توثیق کرنے میں مدد کرے گا۔

## فوری حقائق

- البرٹا میں ہر سال سروائیکل کینسر کی تقریباً 170 نئی تشخیصات ہوتی ہیں اور 45 اموات سروائیکل کینسر کی وجہ سے ہوتی ہیں۔
- سروائیکل کینسر کے 99 فیصد سے زیادہ کیسز HPV کی وجہ سے ہوتے ہیں۔
- 2021 اور2023 کے درمیان صرف اوسطاً 62 فیصد اہل البرٹنز کی سروائیکل کینسر کے لیے اسکریننگ کی گئی تھی۔
- پائلٹ پروجیکٹ کی مدت میں کل 5,000 کٹس جمع کی جائیں گی۔

## متعلقہ معلومات

- اسکریننگ اور روک تھام پروگرام کے فنڈ کے لیے کینسر ریسرچ (Cancer Research for Screening and Prevention Program fund)

## میڈیا سے پوچھ گچھ


### جیسی ریمپٹن (Jessi Rampton)

587-357-3729
پریس سیکریٹری ہیلتھ (Press Secretary, Health)